آؤ امن کے رنگ بھر یں

URI PAKISTAN

ایشیا میں بین المذاہب مکالمے کا محرک خبرنامہ


# اُمنگ
# UMANG


اپریل تا جون 2019ء





چیف ایڈیٹر : فادر ڈاکٹر جیمز چنن۔او پی

ایڈیٹر : سسٹر شہنیہ رفعت

سرکولیشن منیجر : آشر نذیر

ایڈیٹوریل بورڈ : قاضی جاوید، زبیر احمد فاروق

ڈیزائننگ : رضوان شفیق


Happy 18th Anniversary of URI


125-B, Pak Arab Housing Scheme,
Ferozepur Road, Lahore
Land line: 042-3592-4513
Cell: 0300-6961022
E-mail: uripakumang@gmail.com
www.uripakistan.org



DESIGN AND PRINTED BY
multimediaaffairs@gmail.com
multimediaaffairs@hotmail.com
MULTI MEDIA AFFAIRS



### رمضان کے پھلدار مہینے اور خوشیوں بھری عید الفطر کے موقع پر دلی اور برادرانہ خواہشات

# مسیحی مسلم دوستی کے بندھنوں کو مضبوط کرنے کا مہینا

## ویٹی کن سے بشپ میگل اینجل آئیوس گئوکسوٹ ایم سی سی جے کا پیغام

عزیز مسلم بھائیو اور بہنو!

ماہِ رمضان روزہ، دعا اور خیرات کے لیے وقف کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مسیحی مسلم دوستی کے بندھوں کو مضبوط کرنے کا مہینا بھی ہے۔ مَیں خوشی کے ساتھ اس موقع پر اس خواہش کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ ماہِ رمضان کی خوشی پُرامن اور پھلدار ثابت ہو۔

ہمارے مذاہب ہمیں امن کی اقدار کی جڑوں میں قائم رہنے، باہمی مفاہمت کی اقدار، انسانی برادری، ہم آہنگ مشترکہ وجودیت، حکمت، انصاف اور محبت کی تشکیلِ نو کی دعوت دیتے ہیں۔ (عالمی امن کے لیے انسانی بھائی چارہ اور اکٹھے رہنا، ابو ظہبی، 4 فروری 2019)

ہم مسیحیوں اور مسلمانوں کو ایک دوسرے کو بھائیوں اور بہنوں کی طرح کھلے دل کے ساتھ جاننے اور تسلیم کرنے کی ضرورت ہے۔ اس طرح ہم خوف اور لاعلمی کی دیواروں کو گرا سکتے ہیں اور مل کر دوستی کا پل تعمیر کر سکتے ہیں جو کہ تمام انسانیت کی بنیاد ہے۔ اس طرح ہم خاندانوں، سیاسی، ملکی اور مذہبی اداروں میں نئی زندگی کی نشوونما کر سکتے ہیں، جہاں تشدد کو رد کیا جاتا ہے اور انسان کی قدر کی جاتی ہے۔

اس لیے ہم حوصلے کے ساتھ مکالمہ کی ثقافت، باحیثیت تعاون کے ذرائع اور ایک دوسرے کو جاننے کے طریقِ کار میں آگے بڑھ سکتے ہیں۔

ایسے حالات میں مجھے پوپ فرانسس کے قاہرہ کے دورہ کے موقع پر مکالمے اور مختلف مذاہب کے لوگوں کو جاننے کے لیے تین بنیادی اصول یاد آتے ہیں۔ فرضِ شناخت، دوسروں کے وجود کو تسلیم کرنے کا حوصلہ اور ارادوں کی سنجیدگی (عالمی امن کانفرنس کے شرکا سے خطاب، الازہر کانفرنس سنٹر، قاہرہ، 28-اپریل 2017)

امتزاج کی قدر کرتے ہوئے ضروری ہے کہ مکالمہ انسانی حقوق یعنی جینے کا حق، جسمانی سالمیت، بنیادی آزادی، ضمیر کی آزادی، اظہارِ خیالات کی آزادی، ذاتی رویے اور مذہب کے اظہار کو فروغ دینے کی کوشش کرے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ذاتی اور عوامی دائرۂ کار میں اپنے عقیدے کے مطابق آزادی کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہو۔

اس طرح مسیحی اور مسلمان بھائیوں اور بہنوں کی طرح مشترکہ بھلائی کے لیے مل کر کام کر سکتے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ بھاری چارے کا یہ پیغام سماجی اور تمام انسانی خاندانوں کی زندگی کے عہدے داران کے دلوں میں گونج اٹھے۔ یہ پیغام ہماری رہنمائی کرے کہ ہم محض برداشت کے رویہ کو اپنانے والے ہی نہ بنیں بل کہ حقیقی اور پُرامن طریقے سے رہنے والے بنیں۔ تجدید شدہ دوستی کے احترام میں، اور پاپائی کونسل برائے بین المذاہب مکالمہ کی طرف سے رمضان کے پھلدار مہینے اور خوشیوں بھری عید الفطر کے موقع پر دلی اور برادرانہ خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

من جانب

ویٹی کن، 29-مارچ 2019

بشپ میگل اینجل آئیوس گئوکسوٹ ایم سی سی جے

سیکرٹری




شاہد خاقان عباسی، احسن اقبال، ڈاکٹر قبلہ ایاز اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی

# ہمیں مل جل کر محبت اور رواداری کو فروغ دینا ہے

## پیغام پاکستان کانفرنس برائے امن، قومی یکجہتی کا انعقاد

11- مئی کو نارووال میں گورنمنٹ آف پاکستان اور مختلف تنظیموں کے اشتراک سے پیغام پاکستان کانفرنس برائے امن و قومی یکجہتی کے موضوع پر کانفرنس منعقد ہوئی جس میں مختلف مذہبی راہنماؤں اور سیاسی شخصیات نے بھی بھرپور شرکت کی۔ مہمانانِ گرامی میں فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی ریجنل کوآرڈی نیٹر یو آر آئی پاکستان و ڈائریکٹر پیس سنٹر لاہور، سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی، احسن اقبال سابق وفاقی وزیر داخلہ، ڈاکٹر قبلہ ایاز چیئرمین قومی اسلامی نظریاتی کونسل اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی۔ خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پاکستان سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کا خاتمہ ہونا چاہیے اور امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا چاہیے۔ پاکستان میں تمام مذاہب کے لوگوں کے لیے مکمل آزادی ہے اور انھیں مساوی حقوق حاصل ہونا چاہیے۔ اور ہمیں مل جل کر محبت اور رواداری کو فروغ دینا ہے۔ پاکستان سے انتہا پسندی کے رجحانات کو ختم کیا جائے گا اور کسی کو کوئی حق نہیں کہ وہ فتوے جاری کرے۔ ہم سب پاکستانی ہیں چاہے ہمارا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو۔ ہمیں پاکستان کی خوشحالی اور مضبوطی کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا اور ثابت کرنا ہوگا کہ پاکستان امن کا گہوارہ ہے اور یہاں امن پسند اور محبت پسند لوگ بستے ہیں۔

اداریہ

# محبت، قبولیت اور اچھے رویّے کی انقلابی خواہش



مئی کے مہینے میں جاپان میں فیوجی پہاڑ کے دامن میں بائیوکوشنکو زیارت گاہ میں مادام ماسامی سائیونجی اوران کی تنظیم کی طرف سے Symphony of Peace Prayer (ترانۂ امن کی دعائیہ تقریب) کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس میں دنیا بھر سے قریباً دس ہزار زائرین جمع ہوتے اور دنیا بھر میں امن کی بحالی کے لیے اجتماعی دعائیں کرتے ہیں۔ ان میں ہر مذہب، عقیدے، رنگ اور نسل کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ اور اس یقین کے ساتھ اپنی مناجات خدا کی نذر کرتے ہیں کہ دنیا سے دہشت گردی، بدامنی، عدم مساوات اور بدحالی ختم ہو اور رُوے زمین محبت، قبولیت، مساوات، رواداری اور تحفظ کے ساتھ زندگی گزارنے کی جگہ بن جائے۔ یقین انسان میں بے انتہا طاقت پیدا کر دیتا ہے، کیوں کہ یقین مثبت سوچ کا نام ہے اور یہ سوچ انسان میں چٹانوں جیسی قوت بھر کے اس کے اعمال اور خواہشات کو پورا کر دکھاتی ہے۔ اس علم کو مائنڈ سائینس کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس میں لاشعوری ذہن کی افادیت اور اہمیت سے کام لیا جاتا ہے۔ مختلف تخلیقی اور تجرباتی جائزوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یقین کی قوت یعنی لاشعوری ذہن کی بصیرت اور مہارت سے کوئی بھی انسان اپنی کاوشوں میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ جاپان میں منعقدہ اس پاورفل دعائیہ تقریب میں پاکستان کی نمایندگی امسال فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی کو آر ڈی نیٹر یو آر آئی پاکستان نے کی اور پاکستان میں امن کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششوں کے بارے میں بتایا۔ جہاں پر دنیا بھر کے جھنڈوں میں پاکستان کے پرچم کو بھی نمایاں مقام حاصل تھا۔ اسی یقین کے ساتھ بائیوکوشنکو میں موجود افراد دنیا میں امن اور سلامتی کی خواہش کو دعا اور یکجہتی کا لبادہ پہناتے ہیں، اور اپنے اپنے ممالک میں اس بیج کی آبیاری کرتے ہیں۔ ٹھیک 70 برس قبل اسی جاپان میں دو شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے گئے تھے۔ پہلا 6 اگست اور دوسرا 9 اگست 1945ء کو۔ اس سفاکانہ فعل نے پل بھر میں اڑھائی لاکھ سے زیادہ افراد کو لقمۂ اجل بنا دیا۔ بم گرانے والے پائلٹ کرنل پال ٹبٹس (Tibbets) کا کہنا ہے کہ بم گرائے جانے کے بعد جب اس نے اپنے طیارے B-29 کو فضا میں بلند کیا تو نیچے آگ کا ایک مہیب گولا دیکھا اور اس کے منہ سے بے اختیار نکلا، اوہ میرے خدا! یہ میں نے کیا کر دیا...... اس ایٹم بم کی تیاری میں چالیس سے زیادہ سائینس دانوں نے حصہ لیا مگر اس کی خوفناک تباہی کو دیکھ کر 18 سائینس دانوں نے ایٹمی ہتھیار بنانے سے انکار کر دیا۔ جاپان کا شمار آج دنیا کے خوب صورت اور ترقی یافتہ ممالک میں ہوتا ہے کیوں کہ وہاں کے عوام نے ناامیدی کے بجائے یکجا ہو کر ایک آبرومند قوم کی طرح محبت، اخوت اور رواداری سے اپنے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا۔ آج جوہری ہتھیاروں کی دوڑ کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اس میں شامل ممالک کی فہرست سے کون واقف نہیں تاہم دوسری جانب دنیا میں ایسی اقوام اور افراد بھی موجود ہیں جو جنگ و جدل اور بربریت کو ختم کر کے دنیا میں امن اور سلامتی کے خواہشمند ہیں۔

یو آر آئی کی گلوبل اور ریجنل قیادت کے متعدد رہنما اقوامِ متحدہ کی ''نیوکلیئر ہتھیاروں کے خاتمے کی کمیٹی'' میں شامل ہیں، اور دنیا بھر میں اپنی آواز پہنچاتے رہتے ہیں۔ یو آر آئی کی ''فروغِ امن کانفرنس'' میں بشپ بل سونگ نے ایک بچے کی کیمیائی ہتھیاروں کے خاتمے کی دعا متعارف کروائی، جس میں اس نے دنیا کے ہر بچے کے سر پر منڈلاتے ہوئے اس خطرے کا ذکر کرتے ہوئے ان کی نسلوں کو اس سے بچانے کی استدعا کی ہے۔ کاش! ہم ایسی دنیا تخلیق کرنے میں کامیاب ہو جائیں جس میں بچوں کو کبھی ہتھیار نہ دیکھنے پڑیں۔ افراد اور ممالک کو ایک دوسرے کے خلاف غاصبانہ خیالات اور منصوبوں کو ترک کر کے ٹھنڈے دل و دماغ سے آنے والے ممکنہ مصائب کو چشمِ تصور میں لاتے ہوئے اپنی حرص وطمع اور غصے کو قابو میں لانا ہوگا۔ دماغ کو ٹھنڈا رکھنے کے ذکر سے یہاں پر ایک واقعہ کا ذکر کرنا مناسب ہوگا، کہتے ہیں کہ ڈاکٹر برمن بور ہیو ہالینڈ کے ایک نامور ڈاکٹر تھے۔ کوالیفائیڈ پروفیسر آف میڈیسن، ماہر نباتات اور ماہر فطرت شناس۔ مشہور تھا کہ ڈاکٹر برمن کے ہر مریض کو شفا ملتی ہے۔ بڑے بڑے رئیس اور نواب لائن میں لگ کر ان سے دوا لیتے۔ پورا یورپ انھیں ''بابائے طب'' کے نام سے پکارتا تھا۔ 1738ء میں یہ تجربہ کار ڈاکٹر فوت ہو گیا۔ ڈاکٹر کے سامان میں ایک کتاب ملی۔ ریشمی غلاف میں لپٹی کتاب کی جلد پر لکھا تھا ''اس کتاب میں ایک قیمتی نسخہ لکھ دیا گیا ہے۔ یہ نسخہ میرے عمر بھر کے تجربے کا نچوڑ ہے۔ اس نسخے پر عمل کرنے والا کبھی بیمار نہیں ہوگا۔ اس کتاب کو بیچ کر آمدنی میڈیکل ریسرچ پر خرچ کی جائے''۔ اس حیرت انگیز کتاب کی نیلامی کا اعلان کر دیا گیا۔ پورے یورپ میں اس کتاب کی نیلامی کا شور مچ گیا، ہر کوئی یہ کتاب خریدنا چاہتا تھا۔ کیوں کہ لوگوں کو یقین تھا کہ ڈاکٹر برمن کا نسخہ ہر بیماری سے محفوظ رکھے گا۔ آخر کار نیلامی ہو گئی اور ایک بیمار نواب نے کروڑوں ڈالرز میں یہ کتاب خرید لی۔ اس نے کتاب کا پہلا صفحہ دیکھا تو وہ خالی تھا۔ پھر وہ صفحے پر صفحہ پلٹتا گیا اور اس کی پریشانی بڑھتی گئی۔ کتاب میں ایک لفظ بھی نہیں لکھا تھا، سو صفحے کی کتاب میں ننانوے صفحے خالی تھے۔ مگر آخری صفحے پر صرف ایک جملہ لکھا تھا، کروڑوں ڈالرز میں صرف ایک جملہ۔ وہی جملہ ڈاکٹر کا قیمتی نسخہ تھا۔ کتاب میں لکھا تھا: ''سر ٹھنڈا اور پانو گرم رکھو کبھی بیمار نہیں پڑو گے''۔ بیمار رئیس ڈاکٹر کا نسخہ پڑھ کر اش اش کر رہا تھا۔ اس نے روزانہ کئی کئی میل پیدل چلنا شروع کر دیا، اور اپنی ساری پریشانیوں کو جھٹک کر خوش رہنے لگا۔ وہ رئیس جب تک زندہ رہا یہی کہتا رہا کہ کتاب سستی خرید لی۔ غصہ، نفرت اور ٹینشن سر کو گرم رکھتے ہیں، مزاج برہم رہتا ہے۔ محبت، قبولیت اور اچھے رویے سے سر ٹھنڈا رکھیں۔ خوشی، محنت اور ورزش کو زندگی میں زیادہ سے زیادہ شامل کریں۔ چلنے پھرنے سے پانو گرم رہیں گے اور محنت سے زندگی آسان اور مشغول رہے گی، تو آپ بیمار کیوں پڑیں گے۔

دنیا کو اس وقت وسائل کی منصفانہ تقسیم پر متحد ہونے اور دوسروں کے وسائل پر جابرانہ قبضہ ختم کرنے جیسے سنگین مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ دہشت گردی ختم کرنے کا حتمی فارمولا یہی ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کی شدتوں کا سامنا کرنے اور ان سے متاثر ہونے کے بعد سب کو قریباً سمجھ آ چکی ہے کہ یہ ایک جان لیوا خطرہ ہے۔ جس کی لپیٹ میں آ کر آناً فاناً انسان صفحۂ ہستی سے مٹ سکتے ہیں۔ درخت اگانا اور آلودگی کو کم کرنا اس مہم کا اہم ترین حصہ ہے۔ اوزون کی تہ اور آلودگی کی کمی میں درختوں کا کردار غالباً دو فی صد ہے جب کہ باقی انڈسٹریز، ایٹمی ہتھیاروں کی فیکٹریاں، دھواں چھوڑتی گاڑیاں، ایئر کنڈیشنرز اور ریفریجریٹرز کا حصہ کہیں زیادہ ہے۔ ان کے استعمال کو بند اور کم کر کے ہم شعوری، مادی، روحانی، سماجی، معاشی، معاشرتی، علمی اور سائینسی ہر لحاظ سے ترقی کر سکتے ہیں۔ مسائل اور تضادات کا حتمی خاتمہ تو شاید ممکن نہ ہو مگر انقلابی خواہش کو مہمیز کر کے بہت سے خوشگوار اور انسان دوست وسائل کو لبِ بام ضرور لایا جا سکتا ہے۔

شبینہ رفعت




# یوآر آئی پاکستان ریجنل سٹاف کا چکوال میں بین المذاہب دورہ

## فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی، سسٹر شبینہ رفعت، آشر نذیر اور مسز نیلم نصاری نے Behold سی سی سے ملاقات کی

فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی ریجنل کوآرڈی نیٹر یوآر آئی پاکستان اور ریجنل سٹاف یوآر آئی پاکستان سسٹر شبینہ رفعت کوآرڈی نیٹر یوآر آئی وومن ونگ پاکستان، آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یوآر آئی پاکستان اور مسز نیلم نصاری پروگرام مینجر پیس سنٹر لاہور نے چکوال میں Behold سی سی سے ملاقات کی۔ سی سی اراکین اور کوآرڈی نیٹر نے چکوال میں ہونے والی سرگرمیوں کے بارے میں یوآر آئی سٹاف کو تفصیل سے بتایا کہ کس طرح وہ خواتین اور نوجوانوں کے لیے ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے محنت کر رہے ہیں اور مختلف تنظیموں، حکومتی اداروں اور میڈیا کے ساتھ مل کر وہ امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دے رہے ہیں۔ پریس کلب چکوال میں بھی میڈیا کے ذریعے مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر بھرپور کام کر رہے ہیں اور نوجوانوں اور خواتین کو با اختیار اور باہنر بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ سسٹر شبینہ رفعت اور آشر نذیر نے Behold سی سی کے آیندہ کے لائحہ عمل پر بات کی اور بتایا کہ وہ اپنے پروگراموں میں کیسے مختلف مذاہب کے مزید لوگوں کو شامل کر سکتے ہیں اور کہا کہ آپ ہمیں باقاعدگی کے ساتھ سرگرمیوں کی رپورٹ ارسال کیا کریں تاکہ آپ کے کاموں کو دنیا دیکھ سکے۔

۔☆۔



### پروگرام میں وطن عزیز پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

# بین المذاہب عیدالفطر ملن پارٹی

## تقریب کے مہمانِ خصوصی مولانا عبدالخبیر آزاد جب کہ صدارت ریورنڈ فادر یونس شہزاد او پی نے فرمائی

12- جون 2019ء، بدھ بوقت 6 بجے شام کو پیس سنٹر لاہور میں عیدالفطر کے موقع پر ڈاکٹر فادر جیمز چنن او پی ڈائریکٹر پیس سنٹر لاہور کی طرف سے بین المذاہب عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی مولانا عبدالخبیر آزاد امام و خطیب بادشاہی مسجد لاہور جب کہ صدارت وائس پرونشل دومنیکن ریورنڈ فادر یونس شہزاد او پی نے فرمائی۔ دیگر مہمانانِ گرامی میں مفتی عاشق حسین، علامہ زبیر عابد، ڈاکٹر منور چاند، ڈاکٹر مرقس فدا، ڈاکٹر بدر منیر، سہیل احمد رضا، ایڈووکیٹ شبنم ناگی، ڈاکٹر سعیدہ عمر، ڈاکٹر کنول فیروز، فادر ندیم فرانسس، مس تہمینہ رانا، مولانا عاصم مخدوم، حافظ نعمان حامد، اختر مراد، عقیل خان، شہباز خان، فادر شہزاد کھوکھر، علامہ کاظم رضا نقوی، فادر پیٹرک او پی، پروفیسر زمان نازی، ریورنڈ شاہد معراج، مولانا شکیل، علامہ شعیب، سسٹر شبینہ رفعت، آشر نذیر اور فیصل الیاس شامل تھے۔



شرکا نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور امن وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہم سب مل کر پاکستان کی ترقی اور سربلندی کے لیے کام کریں۔ آج کی عید ملن اس بات کی علامت ہے کہ پاکستان میں بسنے والے مختلف مذاہب اور خاص طور پر مسلم اور مسیحی مذہبی راہنما بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کے حامی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بین المذاہب مکالمے کو زندگی کے ہر شعبے میں فروغ دینا چاہیے۔ پروگرام میں وطن عزیز پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ حکومت پاکستان کو ایسے پروگراموں کی بھرپور حمایت کرنی چاہیے۔



love of God and love of humanity was true mission of Allama G.R Chishti

## یونیورسل انٹرفیتھ پیس مشن کے چیئرمین علامہ جی آر چشتی کی مغفرت کے لیے دعا

### علامہ جی آر چشتی کی وفات پر ان کی بیوی اور بچوں کے ساتھ یو آر آئی پاکستان ریجنل سٹاف کا اظہارِ تعزیت

کراچی سی سی اور اسلام آباد ایم سی سی کے کوآرڈی نیٹر علامہ جی آر چشتی 29-اپریل کو اچانک دل کا دورہ پڑنے سے وفات پا گئے۔ یو آر آئی پاکستان کے لیے یہ بہت ہی افسوسناک خبر ہے اور ان کی وفات یو آر آئی کے لیے بڑا نقصان ہے۔ علامہ جی آر چشتی امن اور مذہبی ہم آہنگی کے بہت بڑے پروموٹر تھے۔ وہ یونیورسل انٹرفیتھ پیس مشن کے چیئرمین تھے اور 1997ء سے روزنی وی پاکستان، ڈیوائن پبلک ہائی سکول، اسلامیہ یونی ورسٹی بہاولپور کراچی سی سی اور اسلام آباد ایم سی سی کے کوآرڈی نیٹر کے طور پر امن اور مذہبی ہم آہنگی کا پرچار کر رہے تھے۔

علامہ جی آر چشتی پاکستان میں یو آر آئی کے بانی رکن تھے اور جون 2000ء میں پٹسبرگ (امریکا) میں وہ یو آر آئی چارٹر پر دستخط کے لیے موجود تھے۔ تیسری یو آر آئی ایشین اسمبلی میں 7-5 اکتوبر 2018ء کو انھوں نے سری لنکا میں شرکت کی۔ دبئی میں ورلڈ ٹالرینس سمٹ میں 16-15 نومبر 2018ء کو بھی انھوں نے شرکت کی۔ دو سال پہلے انھوں نے ہفتہء بین المذاہب ہم آہنگی کے موقع پر گولڈ میڈل اور نقد انعام 25 ہزار امریکی ڈالر شاہ اردن سے وصول کیا۔

یو آر آئی پاکستان سے فادر جیمز چنن او پی ریجنل کوآرڈی نیٹر پاکستان، سسٹر شینہ رفعت کوآرڈی نیٹر یو آر آئی وومن ونگ پاکستان، آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یو آر آئی پاکستان اور مس نیلم نصاری پروگرام منیجر پیس سنٹر لاہور نے علامہ جی آر چشتی کے گھر اسلام آباد میں سی سی کوآرڈی نیٹر انٹرکلچرل یوتھ کونسل اسلام آباد احمد حسین اور آزاد کشمیر سے محمد سعید الرحمٰن صدیقی سی سی کوآرڈی نیٹر پیس گروپ آف جرنلسٹس کے ساتھ مل کر ان کی بیوی، بچوں اور خاندان کے اراکین کے ساتھ اظہارِ تعزیت کیا۔ فادر جیمز چنن او پی نے یو آر آئی پاکستان کی سربراہی کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں دلی دکھ اور صدمہ پہنچا ہے اور اس دکھ میں ہم آپ کے ساتھ ہیں اور ہماری ہمدریاں آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم ہمیشہ علامہ جی آر چشتی کو یاد کریں گے کیوں کہ ہمیشہ وہ یو آر آئی کو مفید مشورے دیا کرتے تھے اور ہمیشہ خوش رہتے تھے۔

love of God and love of humanity was true mission of Allama G.R. Chishti.

سب نے مل کر علامہ جی آر چشتی کی مغفرت کے لیے دعا کی۔ فادر جیمز چنن او پی نے یو آر آئی پاکستان اور گلوبل سٹاف کی طرف سے تعزیت کی۔

---

### بشپ سبسٹین شاہ نے کہا کہ مختلف مذاہب کے لوگوں کا اکٹھا بیٹھنا ہمارے درمیان رواداری، محبت، قبولیت، برداشت، اتفاق اور ہم آہنگی کو جنم دیتا ہے

## توبہ کریں اور روزہ کے ذریعے تبدیلی کے لیے خدا سے فضل مانگیں

### مفتی سید عاشق حسین مہتمم مدرسہ بیت القرآن کی جانب سے مسیحیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر

15-اپریل کو مدرسہ بیت القرآن والٹن روڈ لاہور میں مفتی سید عاشق حسین مہتمم مدرسہ نے روزوں کے ایام میں مسیحیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔ مسلم علما نے مسیحی قائدین کا پرتپاک استقبال کیا۔ مسیحی قائدین میں بشپ سبسٹین شاہ آرچ بشپ آف لاہور، فادر ندیم فرانسس، ڈاکٹر مرقس فدا، پادری امجد نیامت، فادر نقاش، فادر قیصر فیروز اور آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یو آر آئی پاکستان شامل تھے۔ مسلم قائدین میں ڈاکٹر بدر منیر، عبدالغفار رندھاوا، شکیل احمد صدیقی، افتخار حسین نقوی، پیر اختر رسول، میاں جلیل احمد حسین شرقپوری رکن پنجاب اسمبلی، مفتی عاشق حسین، سجادہ نشین میاں میر دربار سید علی رضا اور میڈیا کے نمائندے شامل تھے۔ افطار ڈنر کا آغاز بین المذاہب دعاؤں سے ہوا۔ مفتی عاشق حسین نے پروگرام کے بارے میں تعارف اور مقاصد پیش کیے اور کہا کہ ہمارے دوسرے مذاہب کے ساتھ مضبوط رابطے ہیں۔ انھوں نے ریاست حبشہ کے سربراہ نجاشی کا ذکر کیا۔

سید علی رضا نے کہا کہ امن کی بنیاد رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم ایک دوسرے کے مذاہب کی مشترک چیزوں کو جاننے اور پرکھنے کی کوشش کریں۔ دیگر قائدین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ روزہ دلوں کو پاک کرتا ہے اور اس پاکیزگی سے مسیحی و مسلم مذاہب کے درمیان مذہبی ہم آہنگی اور امن کو فروغ مل رہا ہے۔

آرچ بشپ سبسٹین شاہ نے کہا کہ مسیحی روزے پاکیزگی اور خدا کا فضل حاصل کرنے کے ایام ہیں۔ ہم بائبل مقدس میں پڑھتے ہیں کہ انسان نے جب بھی خدا کے احکامات کو توڑا اور ایسے کام کیے جن سے وہ خدا سے دور ہوا تو خدا نے اپنے نبیوں کی معرفت انسانوں کو پیغام بھیجا کہ وہ توبہ کریں، روزہ رکھیں اور روزے کے ذریعے تبدیلی کے لیے خدا سے فضل مانگیں۔

بشپ سبسٹین شاہ نے مزید کہا کہ مختلف مذاہب کے لوگوں کا اکٹھا بیٹھنا ہمارے درمیان رواداری، محبت، قبولیت، برداشت اور اتفاق اور ہم آہنگی کو جنم دیتا ہے۔

مفتی عاشق حسین نے کہا کہ ہم ہزارہ کمیونٹی کے لیے دعا کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ خانہ کعبہ کے امام کے لیے بھی دعا گو ہیں تا کہ پاکستان میں ان کے دورے کی وجہ سے امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ ملے۔ ہم افواجِ پاکستان کو سلام پیش کرتے ہیں جو پاکستان میں دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں۔

-☆-


---

### ماضی بعید میں جنوبی ایشیا کی واحد یونی ورسٹی کٹاس راج میں ہے

## ڈاکٹر منور چاند اور ہندو کمیونٹی کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے دورہ

### فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی، سسٹر شینہ رفعت، آشر نذیر اور مسز نیلم نصاری نے کٹاس راج مندر کا وزٹ کیا

9-مئی 2019 کو یو آر آئی پاکستان سے فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی، سسٹر شینہ رفعت، آشر نذیر اور مسز نیلم نصاری نے کٹاس راج مندر کا وزٹ کیا۔ یہ وزٹ مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے حوالے سے تھا۔ یہاں ہندو مذہب کے حوالے سے مقدس مقامات دیکھے گئے۔ اینگلو ایشین فرینڈشپ سوسائٹی سی سی کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر منور چاند اور ان کے اراکین نے خصوصی طور پر اس وزٹ کے لیے دعوت دی کہ کٹاس راج ہندو مذہبی تاریخی مقامات کا دورہ کریں۔ یہ مندر ایک ارب سے زائد آبادی رکھنے والے ہندو مذہب کے پیروکاروں کے لیے ایک پاک مقام ہے۔ ڈاکٹر منور چاند اور ہندو کمیونٹی کے ساتھ اظہارِ محبت اور یکجہتی کے لیے یہ دورہ کیا گیا۔ کٹاس راج ہندو مذہب کے مطابق دنیا کا دوسرا مقدس ترین مقام ہے۔ ماضی بعید میں جنوبی ایشیا کی واحد یونی ورسٹی کٹاس راج میں ہی تھی۔





ڈاکٹر منور چاند کی درخواست پر فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی، سسٹر شبینہ رفعت اور آشر نذیر کی جانب سے

# ہندو، مسلمان اور مسیحی خواتین کے لیے سلائی سنٹر کا قیام

یوآرآئی وومن ونگ پاکستان نے اینگلوایشین فرینڈشپ سوسائٹی سی سی کے ساتھ ہندوکمیونٹی کے لیے سلائی سنٹر کا افتتاح کیا

یوآرآئی وومن ونگ پاکستان نے اینگلوایشین فرینڈشپ سوسائٹی سی سی کے ساتھ مل کر ہندوکمیونٹی کے لیے لاہور میں نئے سلائی سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس سے پیشتر سسٹر شبینہ رفعت اور آشر نذیر نے اس علاقے کا تفصیلی سروے کیا۔ 5- جنوری 2019 کو فادر ڈاکٹر جیمز چنن اوپی، سسٹر شبینہ رفعت اور آشر نذیر نے کرشنا مندر ٹکسالی گیٹ لاہور میں ڈاکٹر منور چاند کوآرڈی نیٹر یوآرآئی سی سی اینگلوایشین فرینڈشپ سوسائٹی کی پُرزور درخواست پر ہندوکمیونٹی کے لیے نئے سلائی سنٹر کا افتتاح کیا۔

اس موقع پر ڈاکٹر منور چاند نے سسٹر شبینہ رفعت کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے ان کی کمیونٹی کے لیے سلائی سنٹر کا آغاز کیا۔ جہاں پر ہندو، مسلمان اور مسیحی خواتین سلائی کی ٹریننگ حاصل کریں گی۔ وومن ونگ نے اس سنٹر کو سلائی مشینیں، ٹیبل، سلیپس اور دیگر ضروری اشیا مہیا، نہایت ہی قابل ٹیچر مسز سنیتا اور ہیلپر مسز شوبھا کا بھی بندوبست کیا۔ یہاں پر 30 لڑکیوں کو 6 ماہ کا کورس مکمل کروایا جائے گا۔

فادر ڈاکٹر جیمز چنن اوپی، سسٹر شبینہ رفعت اور آشر نذیر نے کہا کہ ہم بہت زیادہ خوش ہیں کہ یوآرآئی وومن ونگ کے



ذریعے آپ خواتین بہ ہنر ہوں گی اور اس ہنر کے ذریعے سے آپ اپنی قسمت کو مثبت موڑ دے کر اپنی زندگی کو کامیاب بنا سکیں گی۔ انھوں نے ڈاکٹر منور چاند کی امن اور مذہبی ہم آہنگی کے لیے کاوشوں اور یوآرآئی پاکستان کے ساتھ ان کے بہترین کام کی حوصلہ افزائی کی اور نئے سلائی سنٹر کے افتتاح پر انھیں مبارک پیش کی۔



پیس گروپ آف جرنلسٹس کی تحریک پر مسیحی برادری کو چرچ اور قبرستان کے لیے مفت زمین دی جا چکی ہے

# بشپ آف سیالکوٹ جان ایلون کا دورۂ مظفرآباد

پیس گروپ آف جرنلسٹس کے سربراہ سعید الرحمٰن صدیقی نے خوش آمدید کہا، پراجیکٹس کا معاینہ اور استقبالیہ میں شرکت

چرچ آف پاکستان سیالکوٹ و آزاد کشمیر ڈائیوسسز کے سربراہ بشپ جان ایلون نے پانچ رکنی مسیحی وفد کے ہمراہ آزاد کشمیر میں امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے کام کرنے والی تنظیم پیس گروپ آف جرنلسٹس یوآرآئی کشمیر کے ہیڈکوارٹر پیس میڈیا سنٹر کا دورہ کیا جہاں پیس گروپ آف جرنلسٹس اور یوآرآئی کشمیر کے سربراہ سعید الرحمٰن صدیقی نے انھیں اپنی ٹیم کے ہمراہ خوش آمدید کہا۔ دریں اثنا پیس گروپ آف جرنلسٹس کے تحت پیس ماڈل سکول کے بچوں کی تقریب میں بھی شرکت کی جس میں بچوں نے دنیا میں امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے گیت بھی گائے۔ آزاد ریاست جموں وکشمیر کے صدر سردار مسعود خان، سٹیشن کمانڈر مظفرآباد بریگیڈیئر حسن



سمیت آزاد کشمیر حکومت کے سینئر عہدیداران، میڈیا اور سول سوسائٹی کی تنظیموں نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ دریں اثنا آزاد کشمیر حکومت کے محکمہ مذہبی امور کے سیکرٹری سید نذیر الحسن گیلانی نے پیس گروپ کی تحریک پر حکومت کی طرف سے مسیحی وفد کو استقبالیہ دیا اس موقع پر بشپ جان ایلون نے حکومت آزاد کشمیر کو مسیحی برادری کے مسائل سے آگاہ کیا۔ حکومت آزاد کشمیر کے مذہبی امور کے سیکرٹری نذیر الحسن گیلانی نے وفد کو یقین دلایا کہ آزاد کشمیر حکومت پہلے بھی پیس گروپ آف جرنلسٹس کی تحریک پر مسیحی برادری کو چرچ اور قبرستان کے لیے مفت زمین دے چکی ہے۔ مزید بھی جو مسائل ہیں حل کر لیے جائیں گے۔ بشپ جان ایلون کے اعزاز میں حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے پرتکلف عشائیے کا بھی اہتمام کیا گیا۔

-☆-

We as Christians, Muslims, Hindus and Sikhs from Pakistan share your grief and pain.

# We condemn the terrorist's attacks in Sri Lanka

May the Risen Lord Jesus Christ console and wipe out your tears. Amen!



URI Pakistan and Peace Center Lahore organized interfaith prayers for the victims of Sri Lanka on 23rd April, 2019 at Peace Center Lahore with the collaboration of Faces Pakistan, Kul Masalik Ulama Board and URI Women Wing Pakistan. Interfaith leaders from Muslims and Christians said that we condemn the terrorist attack in Sri Lanka's churches and hotels.

We are expressing solidarity and condolence through our interfaith prayers with Sri Lankan brother and sisters.

Candle light prayer was attended by representatives of different civil society organizations, lawyers, teachers, priest, nuns, political and religious figures of Lahore. Many religious leaders from Muslims and Christians were present as Maulana Muhammad Asim Makhdoom, Mufti Ashiq Hussain, Pastor Majid Abel, Pastor Amjad Nimat, Pir Akhtar Rasool, Muhmmad Pervaiz Saqi, Dr.Marcus Fida, Allama Ayub Khan, Maulana Muhmmad Hussain, Sohail Ahmad Raza, Syed Nubhar, S.A Jaffary, Qari Asgar Hanif, Fr.Marcus Daniel OP.

Fr.James Channan OP shared his views that Interfaith and Intra-faith leadership of Pakistan condemn the act of brutality against humanity, the horrifying incident that took place on Easter Sunday in churches and hotels of Sri Lanka. The death toll rose to 361 killed. Many children died; including those youth pictured above whom had recently received their First Communion. Tuesday, April 23 was declared a national day of mourning.

The dead included 35 foreigners as well, from Poland, Denmark, China, Japan, Pakistan, the United States, India, Morocco, UK and Bangladesh. At least four US citizens have been killed. He said that we unite to build cultures of peace and justice. We unite to heal and protect the Earth. We unite to build safe places for conflict resolution, healing and reconciliation. He said that God is creator of all human being and this beautiful world. God loves to everyone and we are the great creation of God. He does not want anyone to die because He loves us. Today we are together as Christians and Muslims and we strongly condemn the terrorist's attacks in Sri Lanka

Sr. Sabina Rifat Coordinator Women Wing URI Pakistan shared her views in poetry that we should be honest and merciful to other. As well, it is clear that if we don't love our neighbor, then we cannot say that we love God. Every person is beautiful and wonderful creation of God. We are thankful to God for this beautiful blessing. If we kill anybody then we work against God and every religion is against that.

If you are not part of the solution then you are part of the pollution.

# Environmental Pollution and our Responsibility on Earth Day, 2019

## URI Pakistan arranged this panel discussion at Peace Center



URI Pakistan organized a panel discussion on Earth Day, with the theme of Environmental Pollution and our Responsibility. On April 23rd, 2019 URI Pakistan arranged this panel discussion with the collaboration of COPE Pakistan, Peace Center Lahore, Faces Pakistan and Kul Maslik Ulma Board at Peace Center. Guest of honours were Bishop Irfan Jamil Church of Pakistan, Muhammad Rizwan, Fr.James Channan OP, Maulana Muhammad Asim Makhdoom, Mufti Ashiq Hussain, Pastor Majid Abel, Pastor Amjad Niamat, Pir Akhtar Rasool, Muhmmad Pervaiz Saqi, Dr.Marcus Fida, Allama Ayub Khan, Maulana Muhmmad Hussain, Sohail Ahmad Raza, Javed William, Syed Nubhar, S.A Jaffary, Qari Asgar Hanif, Fr.Marcus Daniel OP and Mr. Asher Nazir.

All panelists agreed that together we should work on plantation in Pakistan. Mr.Javed William President Faces Pakistan said, for our environment we should take some practical steps and plant trees in different places and venues. Bishop Ifran Jamil said that next tree we will plant at Cathedral Church of Pakistan in Lahore.

2:30 p.m. Mr. Ahmad Hussain was ready to receive them. We reached Mangla at about 03:15 p.m. Mr. Saeed Siddiqui and Hafiz Maqsood escort us at the Azad Jammu & Kashmir area. At Mirpur a lunch was arranged for Sr Sabina and other Christian guests .It was a great wirness of interfaith harmony by Peace Group of Journalists at Mangla.

Sr Sabina and team visited the Computer Centre run by a local University student of Mirpur. It was a unique institute delivering Computer training to the students of University, Colleges and Schools of Mirpur and Mangla Region with a nominal charges. They equally provide training to male and female students.

The delegation then was received with Bouquet and flowers. The local community leaders, and representatives of Peace Group of Journalist, Muzaffarabad, Mirpur Region and Mr. Saeed-ur-Rehman Siddiqui, received the chief guest with great spirit. a group of Christians brothers and sisters also attended this program and participated in Iftar Dinner with the Muslims. They were very happy to see the Inter-faith gathering for the first time.

This function was attended by honourable great social workers, eminent local scholars, head of journalists, ladies, children and local community leaders including Mr. Sajid Mehmood, Union of Journalist, Hafiz Maqsood, Founding father of Kashmir



Union of Journalists, Engineer Syed Ayaz Hussain Shah, Syed Zahid Hussain Shah, President Khari Sharif Press Club, Mirpur.

During the addressing as a Chief Guest, Sister Sabina Rifat, expressed her joy and happiness and congratulated the organizers of this function. In this function a good thing was that the Chief Guest belonged to Christian Community and she inaugurated this center as Interfaith activist. She thanked Mr. Saeed-ur-Rehman Siddiqui, Chairman Peace Group of Journalist, Kashmir. She also appreciated the efforts of Mr. Ahmad Raza, Incharge Peace Group of Journalists, Mirpur Region of Kashmir. Being a women and dealing with the affairs of URI Women Wing Pakistan, she was very happy to see more than 80 per cent women were present along with children in this function. 20 per cent male were present there. After Iftar Dinner Sr Sabina along with other guests visited the newly established Peace Group of Women Development Centre, Mangla. Number of women were present there to welcome her. They all are very happy and waiting for her. She along with Mr. Saeed Siddiqui and Mr. Ahmad Hussain, distributed Eid Package to the deserving women of the area. She intended to later form a URI Cooperation Circle there of women. So overall, it was a big achievement, as women they were very happy about Sr Sabina's message of freedom, dignity, equality, and being strong. Both Christian and Muslim women invited her again.

Mr. Ahmed Hussain and Saddique UR Rehman are doing great work.

For her, it went on a positive note, as a very strong message went to women there and she could convey the message of URI to them. She shared the URI Preamble in her speech.

*To build a wave of peace and harmony among all peoples and faiths on planet Earth*

# Pray Together for the Peace and Happiness of Humanity

## Fr.James Channan OP participated in the grand celebration of Symphony of Peace Prayers

Fr. James Channan OP Director Peace Center Lahore, Regional Coordinator URI Pakistan participated in the grand celebration of Symphony of Peace Prayers on May 19, 2019 at Fuji Sanctuary Japan. Many people from different faiths and religions around the world come together to pray for peace, across cultural and religious boundaries. For the fifteenth consecutive year, thousands of people filled the outdoor prayer field at Fuji Sanctuary in Shizukoa, Japan for the 2019 Symphony of Peace Prayers, to build a wave of peace and harmony among all peoples and faiths on planet Earth. Each year since the ceremony began in 2005, as many as



10,000 participants, including distinguished spiritual leaders and many guest of honor, have gathered in Fuji Sanctuary's outdoor Prayer field to pray together for the peace and happiness of humanity, to celebrate harmony among religious and cultures, and to urge a transformation in human consciousness.

Participants welcomed by Mrs.Masami Saionji, Globally acclaimed author, spiritual leader, and chair person of host organization Byakko Shinko Kai. Then for the first part of the program, a group of prominent religious and spiritual leaders from Japan and abroad were introduced on stage to address participants and lead them in a prayer for peace. This is the philosophy behind the annual Symphony of Peace Prayers global event.

Sr Sabina Shared the wisdom and insights of Ms Masami

# Symphony of Peace Prayers and Soul of WoMen

URI Pakistan Women Wing and WAKE CC organized celebration with different religious communities at peace center Lahore



URI Pakistan Women Wing and WAKE cc organized SYMPHONY OF PEACE PRAYERS and Soul of WoMen celebration with different religious communities and URI CCS on 21st MAY, 2019 at peace center Lahore. It was done with the collaboration of COPE Pakistan CC, The Helping Hands Foundation CC, Paras Welfare Foundation CC, and WAKE CC. 35 Muslims and Christian, female, male, youth and children were present there .They shared their views about tolerance, peace and interfaith harmony. Prayers for world peace were offered.

The Helping Hands Foundation cc coordinator Pastor Waheed Mukhtar shared the message of Ms. Masami Saionji.

Ceremony was started with prayers according to Christian and Muslim beliefs. The guest of honor Sr Sabina Prayed for peace. She shared the activities of women in different fields for the women empowerment through URI Women wing and Women Initiative. She also shared the wisdom and insights of Ms Masami through which women wing Pakistan take inspirations for the uplift of women. She also shared the video clips of world peace prayers at Byyko Shianko on Sopp. After watching that all people present in the hall clapped a lot and admired the services of Ms Masami and her team.

Sr Sabina said in her speech that men and women have an equal status in the society. If both men and women work together only then our society can progress. It will also make peace in our world. She told this is the vision of Ms Masami ,to creat an equal status for both men and women. And for this we celebrate soul of WoMen.

Madam Sana Butt Assistant Director Jail said" Islam has given a very high place to women.

Madam Shamim said " Both boys and girls should get education to make a just society.

At 6; 57 pm the program was given a break for breaking the Fast. The ceremony was restarted.

Madam Shabnam Nagi an advocate, emphasized that we should make peace and share happiness with each other, As life is very short so, we should spread the message of peace.

Asher Nazir Executive Secretary URI PAKISTAN said though we have not seen God yet a mother is another form of God. M Iqbal Sani recited last verse of third "PARAH"thatWhen you get any blessing celebrate it, 'We have got Sr Sabina to share the goodness around the globe with us . We come here and learn many things from her to establish a more beautiful world.

Mrs Maryam Waheed member URI Women wing and WAKE CC said, " I am proud to say that Sr Sabina is pride for us, women in Pakistan and many women from undeveloped areas are learning skills and confidence from her . An Iftar dinner was shared with all.

Peace Group of Journalists Mirpur Region, AJ&K, arranged a unique function

# Distribution of Eid Package to deserving poor women

Sister Sabina Rifat was Chief Guest for inauguration of Peace Women Development skill Centre Mangla

Peace Group of Journalists Muzaffarabad, AJ&K, planned in collaboration with its Mirpur Mangla Region branch, namely Peace Group of Journalists Mirpur Region, AJ&K, arranged some unique function i.e. "inauguration of Peace Women Development Centre Mangla, Mirpur, inauguration of Computer Centre at Mirpur, Annual Iftar Dinner and distribution of Eid Package to deserving poor women of the area" on 26th May, 2019. Sister Sabina Rifat Coordinator URI Women Wing Pakistan Lahore was invited as Chief Guest for inauguration of Peace Women Development skill Centre Mangla, Mirpur, inauguration of Computer Centre at Mirpur.

It was a very great program, as the participants were 80% women, which was a surprise in such a remote area. Mr Faran Joseph youth leader of WAKE CC an and



Dr. Ereej Faran were with Sr. Sabina from Lahore. They reached Dina at about

United Religions Initiative and Peace Center Lahore organized with Byakko Shinko Kai in Japan for all humanity

# SYMPHONY OF PEACE PRAYERS

Fr. Younas Shahzad Vice Provincial of Dominicans in Pakistan was the chief guest




United Religions Initiative (URI) and Peace Center Lahore organized 15th Symphony of Peace Prayers to celebrate the solederity and prayerfulness with Byakko Shinko Kai in Japan for all humanity. Interfaith religious leaders were invited from different religions to offer prayers for the world peace. Fr. Younas Shahzad Vice Provincial of Dominicans in Pakistan was the chief guest. A number of guests, women, men and children participated in the program.

Ashir Nazir welcomed the guests. He said, Let's celebrate humanity and we will feel the divine spark in today's program .

Fr. Patrick OP and Iqbal Sani offered prayers according to Christian and Muslim faith. They prayed for the world peace. Br. Nabeel OP shared the message of Masami Saionji, Chairperson of Byakko Shinko Kai-Japan. The guests lit the Candle of Peace to celebrate Symphony of Peace Prayers. Candle of peace is the message from Pakistan that we would like to bring peace among the areas of war and conflict.

A Peace Center and URI Pakistan's joint video was played with pictures, activities and initiatives for building peace and promoting interfaith harmony.

Fr. Younas Shahzad congratulated for the celebration of SOPP 2019 to the staff of Peace Center and URI Pakistan for a well-managed program.

Asher Nazir executive secretary of URI Center said, when we pray for others' progress, prosperity, happiness, peace and health ultimately God Almighty blesses us with all blessings. Ms. Erika Lynn Partenheimer and Mr. Michael Shannon Crowe from United States congratulated Fr. James Channen OP for receiving Exemplary Award from the government of Pakistan.

A Hindu leader Dr. Munawar Chand admired the struggle and devotion of Fr. James Channan OP for building peace and promoting interfaith harmony.

Sr. Sabina Rifat Women Coordinator URI Pakistan shared her poetry on peace

On getting the Award she said to Dr Fr James Channan, we own this award for all who have contributed and supported Fr. James Channan OP for his journey towards peace and interfaith harmony.

As a representative of soul of WoMen from Pakistan, I would like to share the divine spark especially with all women in our circle attending SOPP's programs since we took initiative in our country. I pay my good regards to Masami Saionji and her entire team for the concerned follow up and communication.



Adv. Mrs. Shabnam Nagi said,I admit and admire the very effective and theme oriented programs of Peace Center and URI. We should raise the voices along with peace prayers.

Rev. Dr. Marqas Fida Chairman Star TV congratulated Fr. James Channan OP for the great acknowledgment of his dedicated struggle towards peace building and serving humanity with devotion.

Fr. Roccus Patras OP shared that it is a proud moment for us all that he has awarded with this award.

Good arrangements of prayer and Iftar were made for our Muslims guests as they were fasting in Ramadan. They offered their prayers and enjoyed the Iftar dinner.

The participants hold the flags of all countries and sang a peace song.

Mrs. Sosan James talked about the importance of peace building and interfaith harmony

# WAKE CC and URI Women Wing celebrated the 18th Anniversary of URI

Students shared their experiences and views about interfaith programs of URI

WAKE CC and URI Women Wing celebrated the 18th Anniversary of URI on 26th June 2019 in Bilal Town Faisalabad. About 25 students, boys and girls from high schools participated in this joyful event.



Miss Miral Johnson the young leader of WAKE CC organized this program. Women from URI CC also attended the celebration. Sr. Sabina Rifat read out the PPP of URI and explained it to the young students. Mrs, Adlene Sypryan lead the prayers ceremony, while students shared their experiences and views about interfaith programs of URI and their impact on the people around. Mrs. Ruby Johnson, Mrs. Bina Euggan, Mrs. Sosan James and others talked about the importance of peace building and interfaith harmony. Anniversary cake was cut by the students and all enjoyed the ceremony together.

We are feeling proud and whole Christian community loves you a lot for your dedication

# Exemplary Award for Fr. James Channan OP

Government of Pakistan has awarded with an Exemplary Award for his peace and interfaith harmony work.

A great news to be shared with immense joy that Fr. James Channan OP has been honored by the Pakistan government for his "exemplary services" to promote interfaith harmony and peace in his own country and worldwide. It gave so much energy to the participants by the concerned acknowledgment of his countless efforts.




Father James Channan, has spent 50 years following the spirituality of St. Dominic, has received an award at the Interfaith Conference 2019 in Lahore on May 17th that was attended by more than 300 people including URI Regional staff, Muslims, Christians, Hindus and Sikhs.

Noor-ul-Haq Qadri, Pakistan's federal minister for religious affairs and interfaith harmony, presented the award.

"Many people helped me to reach this place. I praise God, the Church, my community of Ibn-e-Mariam Vice Province of Pakistan, and all my friends," said Father Channan.

"I especially thank my Muslim friends who always supported me and my work and keep on appreciating me to continue my mission to promote peace and harmony among the people of Pakistan.

"I am actively serving in this mission to build bridges between Christians and the people of other religions, especially with our Muslim brethren, but still I see there is an urgent need for interfaith dialogue."



Father Channan said his work to promote peace and interfaith harmony brings him peace and mental satisfaction.

"I keep on thinking about ways to bring people of various faiths together, to help them to nurture and strengthen peace among them," he said.

"Everybody is my neighbor, and being a follower of Jesus Christ I have to love everybody. It keeps me motivated and zealous. We always have to share this message that we are one human family, following different religions and faiths but living our faiths we have to promote love, unity and peace."

Father Channan is tha director of Lahore's Peace Center which was inaugurated by the late Cardinal Jean-Louis Tauran, then president of the Pontifical Council for Interreligious Dialogue.

"I work to provide facility to the people of various professions and age groups to come together for dialogue, which helps to remove discrimination, fundamentalism and extremism from our society," he said.


Father Channan also serves as a regional coordinator of United Religions Initiative (URI) in Asia. URI is serving in 109 countries including Pakistan.

"We have 63 active groups of religious leaders, lawyers, journalists, youth, women and children."

Fr. Younas Shahzad Vice Provincial of Dominicans in Pakistan congratulated whole Dominican community on receiving the Exemplary Award from the Government of Pakistan. He said: we are feeling proud and whole Christian community loves you a lot for your dedication. Thank you very much for guiding us and becoming a good example for upcoming generations.

# 8th International Holy Books and World Literature Conference in Malaysia

## Ahmad Hussain CC coordinator from Islamabad participated to promote the agenda of the conference



Dr. Professor Abraham Karikam, Secretary General URI Asia Region, URI Office Karickam P.O. Kottarakara, Kerala, India, organized a Conference on URI Cosmic Community Centre & Dr. Alexander Mar Thoma Centre For Dialogue from 5-8th April, 2019 on the topic "Holly Books And World Literature" at Ancase Hotel & Spa, Jalan Tun Tan Cheng Lock 50786, Kualalumpur, Malaysia. Mr. Ahmad Hussain CC coordinator Chairman Intercultural Youth Council Secretary URI Advisory Council from Islamabad - Pakistan, participated to promote the agenda of the conference. In the conference, there were many books were presented to promote the peace ideology. The Holy Quran is the greatest source of peace and defenders of human rights.

# 2019 URI Global Leadership Gathering in USA



URI Leaders from Asia



The Rev. Victor H.Kazanjian, Jr and H.E. Adama Dieng, Under-Secretary General of United Nations




Fr Dr James Channan with the Rt. Rev. William E. Swing



Mrs. Elana Rozenman and Dr. Mussie Hailu



Ms. Marianne Horling from Germany.



Bishop William E. Swing reading URI Umang magazine from Pakistan



URI Asia Executive Council



Group dynamics



Working group at URI Head Office



Small group meeting in progress